سسٹین ایبیلیٹی پالیسی

1.1 مقصد

اس پالیسی کا مقصد PTCL گروپ کے عزم کا اظہار ہے کہ ہم اپنی ہر سرگرمی کو کمیونٹی، ملک، ماحول اور صارف کے لئے بہتر بنانے کی خاطر اپنے بزنس، ویلیو چین اور تمام لوکیشنز پہ اپنے افعال کی انجام دہی کے لئے ماحولیاتی لحاظ سے سسٹین ایبل حالات کی فراہمی، فروغ، نفاذ اور بہتری کو یقینی بناتے ہیں۔ ہم سماجی، ماحولیاتی اور معاشی ترقی میں توازن اور ماحول و فطرت کے تحفظ و فروغ کے لئے ماحولیاتی لحاظ سے سسٹین ایبل اہداف کی مکمل تائید کرتے ہیں۔

1.2: دائرہ کار

یہ پالیسی تمام PTCL گروپ کی Equipment ,Facilities اور آپریشنز کے لئے قابل اطلاق ہے جہاں ہم e& گروپ کی سسٹین ایبیلیٹی پالیسی، مشق اور طریقہ کار کے تحت کام کرتے ہیں۔

1.3: عزائم

- پی ٹی سی ایل گروپ GHG اخراج میں تخفیف کے نیٹ زیرو ہدف کے حصول میں سکوپ 1، 2 اور 3 کے مطابق واضح عزائم اور اہداف کے ساتھ موافقت اور تخفیف پہ مبنی ہم آہنگ ماحولیاتی حکمت عملی بنائے گا۔
- ہم اپنی سرگرمیوں سے جنگلات کی کٹائی یا زوال پذیری پہ صفر اثرات کا مضبوط عزم رکھتے ہیں۔
- ہم موثر توانائی کے حل اور قابل تجدید توانائی وسائل کے استعمال پہ غور کا عزم رکھتے ہیں۔
- ہم انسانی حقوق کی آبرو کے لئے اپنی کارپوریٹ ذمہ داری کو قبول کرتے ہیں بشمول مقامی لوگوں اور معاشرے کے حقوق؛ اور ہم اپنے نقطہ نظر میں متعلقہ قومی قواعد و ضوابط کے ساتھ ساتھ بین الاقوامی مجالس، معاہدوں اور معیارات کی پاسداری کریں گے۔
- ہم Forced Labour کی تمام صورتوں میں روک تھام اور خاتمے کے لئے کوشاں ہیں؛ چائلڈ لیبر کے لئے قطعی گنجائش نہ رکھنے کے علاوہ ہم جائے کار پہ یکساں مواقع کے تنوع، مساوات اور شمولیت میں کاربند ہیں۔
- ہم اپنے کاروبار کی افزائش کے لئے گردشی، ذمہ دارانہ پیداوار اور فطری وسائل پہ مزید کسی بھی نقصان سے احتراز کے لئے پیداوار کی علیحدگی کا عزم رکھتے ہیں۔
- ہم Waste to Value بھی اختیار کرتے ہیں جہاں E-Waste مینیجمنٹ، پراڈکٹ لائف سائیکل Consideration اور گردشی معاشی مشقوں کے ذریعے نئے اور موجودہ کاروباری مواقع کی تخلیق کے لئے فضلے (waste) کے استعمال سے نئی پروڈکٹس اور خدمات فراہم کی جاتی ہیں۔
- ہم اپنے ملازمین اور ٹھیکیداروں کے لئے PTCL گروپ کی سسٹین ایبیلیٹی پالیسی کی آگاہی اور پیروی کو یقینی بنانے کے لئے اپنے تمام آپریشنز پہ موزوں وسائل، تربیت اور تعلیم فراہم کریں گے۔
- ہم سسٹین ایبیلیٹی کے لئے جدت، eco-design اور تکنیکی پیش رفت اختیار کریں گے۔
- ہم اپنی کارکردگی کے آزادانہ تعین کے لئے باقاعدہ مشاہدے اور تجزیے کی ڈیٹا پہ مبنی اپروچ اختیار کرتے ہیں اور اپنی پیش رفت سے عوام الناس کو آگاہ رکھیں گے اور ہماری سسٹین ایبیلیٹی کی کارکردگی پر باقاعدگی سے شفاف رپورٹ فراہم کریں گے۔
- ہم گورنمنٹ، سول سوسائٹی گروہوں، تعلیمی اداروں، مقامی کمیونٹیز اور مقامی، قومی و بین الاقوامی سطح پہ متعلقہ stakeholders کے اشتراک سے شفافیت، علمی تبادلے اور مشترکہ مفاد کی تائید کریں گے۔

پی ٹی سی ایل گروپ کی سسٹین ایبیلیٹی پالیسی اور دیگر متعلقہ پالیسیوں کا وقتاً فوقتاً جائزہ لیا جاتا رہے گا تا کہ وہ کاروباری اور stakeholders کے تناظر میں جدید اور متعلقہ رہیں۔

DATE 03 / 09 / 2024

President & GCEO